# پس منظر نامہ2

فوری طور پر جاری کرنے کے لیے
وزارت خزانہ
2021FIN0023-000744
اپریل 20, 2021

**صحت اور دماغی صحت کی بہتر نگہداشت**

پچھلے سال نے صحت اور دماغی صحت کی مستحکم خدمات کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے

بجٹ 2021 میں برٹش کولمبین کی صحت اور حفاظت کا تحفظ جاری رکھا گیا ہے اور صحت اور ذہنی صحت کی دیکھ بھال کی اعانت کو تقویت دینے کے لئے مالیاتی منصوبے کے دوران 4 ارب ڈالر کی نئی سرمایہ کاری کے ساتھ ان خدمات کو وسعت دینا جن پر لوگ انحصار کرتے ہیں۔اس میں کووڈ-19سے متعلق صحت کی خدمات کی فراہمی جاریرکھنے کے لیے 2021-22 میں ایک دفعہ کی 900 ملین ڈالر کی فنڈنگشامل ہیں۔

**لوگوں کو محفوظ رکھنے کے لیے کووڈ-19 کی صحت کی اعانتیں**

جب کہ ہر روز زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ٹیکے لگائے جارہے ہیں، حکومت لوگوں کو محفوظ رکھنے کے لئے سختمحنت کر رہی ہے۔ کووڈ-19 عالمی وباء کے سلسلے میں صوبے کے جاری ردعمل کیاعانت کرنے کے لیے 2021 کا بجٹ،2021-22 میں 900 ملین ڈالر مختص کر رہا ہے ۔ اس میں مندرجہ ذیل کے لیے فنڈنگ شامل ہے:

- صوبائی ویکسینیشن پروگرام تاکہ ہر برٹش کولمبین اپنی کووڈ-19ویکسینلگوا سکے۔
- دیہی، دور دراز اور سودیشی کمیونٹیز کے لئے صحت کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانے کے لئے بی.سی. سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ رورل اینڈ ریموٹ کولیبوریٹیو فریم ورک (BC Centre for Disease Control and the Rural and Remote Collaborative Framework) کی گنجائش میں اضافہ، ٹیسٹنگ اور کانٹیکٹ ٹریسنگ، فلو سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکہ لگانے کے نظام میں توسیع۔
- طویل مدتی نگہداشت اور مددگار رہائش کی سہولیات کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مسلسل جاری اعانت، بشمول بزرگوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لئے اسکریننگ عملہ اور اضافی ذاتی حفاظتی سازو سامان فراہم کرنا۔

**صحت مند کل کے لئے صحت کی بہتر نگہداشت**

بجٹ 2021 میں بی.سی. کی صحت کی نگہداشت کو مستحکم کرنا جاری ہے تاکہ لوگ مستقبل میں صحت کے چیلنجوں کے لیے بہتر طور پر تیار ہوں۔ 2021 کے بجٹ میں صحت کی نگہداشت کے لئے مالی اعانت میں تین سالوں کے عرصہ میں 2.6 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری شامل ہے، جس میں یہ شامل ہیں:

- صحت کی نگہداشت کرنے والے سپورٹ ورکر اور معاونین بننے کے لیے 3،000 افراد تک کی تربیت اور نوکری فراہم کرنے کے لیے ہیلتھ کیریئرایکسیس پروگرام(Health Career Access Program) کےلیے مالیاتی منصوبے کے دوران585ملین ڈالر، جن میں طویل مدتی نگہداشت کی سہولیات میں اضافے کی گنجائش شامل ہے، اور عالمی وباء کے نتیجے میں دوسرے شعبوں میں ملازمت سے محروم رہنے والے لوگوں کو ٹارگٹ کرتے ہیں۔
- لوگوں کو ضرورت کی سرجری کو تیز کرنے کے لیے، تشخیصی امیجنگ اور سرجری میں گنجائش میں اضافہ کرنا جاری رکھنے کے لیے مالیاتی منصوبے کے عرصے کے دوران 495 ملین ڈالر۔
- میڈیکل سروسز پلان کے تحت کی نسر کی نگہداشت، فارما کیئر اور خدمات کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لئے تین سالوں میں 300 ملین ڈالر۔
- ٹیم پر مبنی اور فوری بنیادی نگہداشت کے مراکز کی توسیع جاری رکھنے کے مالیاتی منصوبے کے دوران 253ملین ڈالر، جو برٹش کولمبینز کو ڈاکٹروں اور نرس پریکٹیشنرز تک تیزتر رسائی فراہم کرتے ہیں۔
- تربیت اور تعلیم کے ذریعہ صحت کی نگہداشت کے نظام میں نظامی سودیشی نسل پرستی سے نمٹنے کے لئے مدد، اور صحت کی نگہداشت کرنے والے افرادی قوت کی خدمات حاصل کرنے میں ترجیحات کے لیے جو بی.سی. کی متنوع کمیونٹیوں کی بہتر نمائندگی کرتی ہوں، تین سالوں میں 45 ملین ڈالر کی نئی فنڈنگ۔

بی. سی. کے بہت سے سینئر افراد کے لئے، پچھلا سال خاص طور پر تنہا کرنے والا اور مشکل رہا ہے۔ عالمی وباء نے سینئرز کو محفوظ اور صحتمند رکھنے کے لئے معاونت کی ایک مضبوط بنیاد کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ 2021 کے بجٹ میں بزرگ افراد کے لئے سرمایہ کاری کا ہدف بنایا گیا ہے، جس میں تین سالوں میں 68 ملین ڈالر شامل ہیں، جن میں معاشروں میں نگہداشت فراہم کرنے والے ساتھیوں اور دیگر کمیونیٹی نگہداشت فراہم کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ کر کے روز مرہ زندگی گزارنے میں بزرگ افراد کی مدد کے لئے معیاری ہوم کیئر کی فراہمی شامل ہے۔ 2021 کے بجٹ میں معتدل سے لے کر انتہائی پیچیدہ ضروریات کے حامل افراد کو ہوم ہیلتھ مانیٹرنگ انیشیٹو (HomeHealthMonitoringInitiative) کے ذریعہ گھر میں نگہداشت حاصل کر کے اپنی صحت کو وقار کے ساتھ سنبھالنے کی صلاحیت کی فراہمی کے لئے 12 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری بھی کی گئی ہے۔

**بی سی کی تاریخ میں ذہنی صحت پر کی جانے والی سب سے بڑی سرمایہ کاری**

اے پاتھ وے ٹو ہوپ (A Pathway to Hope) کے ذریعہ، حکومت نے بی.سی. کے ذہنی صحت اور نشہ آور مادے کے استعمال کے نظام کو تبدیل کرنے کے لئے ایک طویل المدتی منصوبہ شروع کیا۔ کووڈ-19 اور ممنوع منشیات کی زہر آلودگی پر مشتمل صحت کی دوہری ہنگامی صورتحال نے زبردست نقصان پہنچایا ہے۔ لوگوں کو ثقافتی طور پر محفوظ اور موثر نگہداشت، جس کی ان کو ضرورت ہے، سے بہتر طور پر مربوط کرنے کے لئے ذہنی صحت اور نشہ آورمادے کے استعمال کی خدمات کو وسعت دینے کے لئے بجٹ 2021 میں 500 ملین ڈالر کی سرمایہ کاریکی گئی ہے۔

**دماغی صحت کے لیے رقم کی فراہمی**

- اسکولوں، نئے فائونڈری سینٹرز کے لیے دماغی صحت کےاضافی فنڈز کے ذریعے نوجوانوں کے لئے ذہنی صحت کی اعانت کے ایک نیٹ ورک کی تعمیر کے لئے97 ملین ڈالر، جو نوجوانوں کو اپنیکمیونٹی میں صحت اور تندرستی کے وسائل، اور مذید 15 اسکولوں کے اضلاع کے لئے، بچوں اور نوجوانوں کی مربوط سپورٹ ٹیمیں مہیا کرتے ہیں۔
- غزائی بے ترتیبی کینگہداشت میں توسیع اور خودکشیکی روک تھام کی خدمات اور ابتدائی سائیکوسس مداخلت تک بہتر رسائی سمیت ذہنی صحت کی خدمات تک رسائی اور معیار کو بہتر بنانے کے لئے تین سالوں میں61 ملین ڈالر نئی فنڈنگ میں۔
- فرسٹ نیشنس ہیلتھ اتھارٹی کے لئے سودیشی عوام کو ذہنی صحت اور نشہ کی لت کی خدمات فراہم کرنے کے لئے 14 ملین ڈالر۔

**نشہ آور مادے کا استعمال اور زیادہ مقدار استعمال کرنے کی صورت میں ہنگامی مدد**

- نشے کے استعمال کے علاج اور بحالی کی خدمات کا ایک مکمل اسپیکٹرم فراہم کرنے کے مالیاتی منصوبے کے دوران 330 ملین ڈالر، بشمول اوپیائڈ علاج کے لئے 152 ملین ڈالر۔
- مزید لوگوں کوبحالی کے راستے پر جانے میں مدد کے لئے صوبہ بھر کی کمیونٹیوں میننشہ آور مادے کے استعمال سے متعلق علاج اور بحالی کے لیے 195 بستر۔

**صحت کے نئے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری**

مالیاتی سال کے منصوبے کے دوران بجٹ 2021 میں 7.8 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کے ذریعے صحت کے کلیدی انفراسٹرکچر کی تعمیر پر توجہ دی جارہی ہے۔ یہ سرمایہ کاری بڑے بڑے تعمیراتی منصوبوں اور صحت کی سہولیات، طبی اور تشخیصی آلات اور ٹکنالوجی سسٹم کو اپ گریڈ کرنے میں معاون ہو گی۔ صحت کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں میں نیا سرے ہاسپٹل اینڈ کینسر سینٹر (Surrey Hospital and Cancer Centre) اور نیا سینٹ پالس ہاسپٹل (St. Paul's Hospital) کے علاوہ کوئچن ڈسٹرکٹ(Cowichan District)، ڈاسن کریک اور ڈسٹرکٹ (Dawson Creek and District)، ٹیرس اینڈ اسٹورٹ جھیل (Terrace and Stuart Lake) کے نئے اسپتال شامل ہیں۔ سرمایہ کاری میں برنابی ہسپتال (Burnaby Hospital)، کملوپس رائل ان لینڈ ہاسپٹل (Kamloops' Royal Inland Hospital)، پینٹکٹون ریجنل ہاسپٹل (Penticton Regional Hospital) اور کیریبو میموریل ہاسپٹل (Cariboo Memorial Hospital) میں مریضوں کے لئے نئی جگہیں شامل ہیں۔

**رابطہ کریں:**
وزارت خزانہ
میڈیا ریلیشنز
250 387-5710

---

بی. سی. صوبے کے ساتھ news.gov.bc.ca/connect پر مربوط ہوں